وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو، ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں

ایم کیوایم کے کارکن لیاقت علی شاہ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا

ایم کیوایم کے کارکن لیاقت علی شاہ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کا الطاف حسین سے اظہار افسوس

لیاقت علی شاہ کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے گا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

لندن۔۔۔25 دسمبر 2009ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے آج ٹیلیفون پر گفتگو کی اوران سے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکن لیاقت علی شاہ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا اورگزشتہ کئی روز سے تسلسل کے ساتھ ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کے کارکن لیاقت علی شاہ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ پر جناب الطاف حسین سے افسوس کا اظہار کیا اورانہیں یقین دلایا کہ قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆